صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 22 جون 2012ء بمطابق یکم شعبان 1433 ہجری بعد از دوپہر پانچ بجکر پچیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

قُلۡ إِنَّنِی هَدٰنِی رَبِّیٓ إِلَیٰ صِرٰطٍ مُّسۡتَقِیمٍ دِینًا قِیَمًا مِّلَّةَ إِبۡرٰهِیمَ حَنِیفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الۡمُشۡرِكِینَ O قُلۡ إِنَّ صَلَاتِی وَنُسُكِی وَمَحۡیَایَ وَمَمَاتِی لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ O لَا شَرِیكَ لَهُ وَبِذٰلِكَ أُمِرۡتُ وَأَنَا۠ أَوَّلُ الۡمُسۡلِمِینَ O قُلۡ أَغَیۡرَ اللّٰهِ أَبۡغِی رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَیۡءٍ ۚ وَلَا تَكۡسِبُ كُلُّ نَفۡسٍ إِلَّا عَلَیۡهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزۡرَ أُخۡرَیٰ ۚ ثُمَّ إِلَیٰ رَبِّكُم مَّرۡجِعُكُمۡ فَیُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمۡ فِیهِ تَخۡتَلِفُونَ۔ صَدَقَ اللّٰهُ الۡعَظِیمِ۔

(ترجمہ): کہہ دو کہ مجھے میرے پروردگار نے سیدھا رستہ دکھا دیا ہے (یعنی دین صحیح) مذہب ابراہیم کا جو ایک (خدا) ہی کی طرف کے تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے۔ (یہ بھی) کہہ دو کہ میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا سب خدائے رب العالمین ہی کیلئے ہے۔ جس کا کوئی شریک نہیں اور مجھ کو اسی بات کا حکم ملا ہے اور میں سب سے اول فرمانبردار ہوں۔ کہو کیا میں خدا کے سوا اور پروردگار تلاش کروں اور وہی تو ہر چیز کا مالک ہے اور جو کوئی (برا) کام کرتا ہے تو اس کا ضرر اسی کو ہوتا ہے اور کوئی شخص کسی (کے گناہ) کا بوجھ نہیں اٹھائے گا پھر تم سب کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے تو جن جن باتوں میں تم اختلاف کیا کرتے تھے وہ تم کو بتائے گا۔ و آخِرُ الدَعۡوَانَا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ جی بی بی، کیا مسئلہ ہے؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، سب سے پہلے تو میں، مسئلہ تو بعد میں بیان کرونگی، میں اس ہاؤس میں جو ہمارے معزز تمام اپوزیشن والے بیٹھے ہوئے ہیں اور جو ٹریژری بنچز کے ہمارے ایم پی ایز اور ہمارے منسٹر صاحبان ہیں اور ریکویسٹ کرتی ہوں آپ کی وساطت سے، کہ زیاد خان جو کہ ہمارے ایک بہت ہی اچھے Colleague، شریف النفس اور سابق چیف منسٹر اور حالیہ اپوزیشن لیڈر صاحب کے بیٹے تھے، جن کیلئے کل بہت کچھ کہا جا چکا ہے اور میں اس مرد آہن کو، کہ جس کا حوصلہ دیکھ کر میں یہ سمجھتی ہوں کہ واقعی اللہ تعالیٰ پہ اس کو اعتبار ہے کہ جو چیز اس کو اللہ نے دی تھی، وہ اللہ نے جب واپس لے لی تو اس پہ اس نے کسی بھی اظہار افسوس نہیں کیا، اللہ تعالیٰ ایسا ہی صبر جمیل ہم سب کو اور ان سب کو عطا کرے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ اتنا بڑا ہمارے لئے ایک افسوسناک واقعہ ہے کہ ہمارے ایم پی ایز جو ہیں، کل ہمارے منسٹرز صاحبان، آپ بھی، چیف منسٹر صاحب بھی، کل آپ بھی گئے تھے، آج بھی کچھ لوگ گئے ہوئے ہیں، ہاؤس کی آپ دیکھ رہے ہیں کہ یہاں پہ حاضری بھی اور کل بھی لوگ جائیں گے، تو میں اپنے تمام معزز اراکین اسمبلی سے یہ درخواست کرتی ہوں کہ ضمنی بجٹ کو اگر آج ہی 'وائنڈاپ' کر دیا جائے تاکہ کل 'قل' ہے اور جو لوگ نہیں گئے ہیں تو وہ لوگ، (مداخلت) لیکن اگر ہو جائے، تو میرا خیال ہے کہ اگر ایسے موقع پہ، اتنے افسوسناک موقع پہ، ظاہر ہے کہ بجٹ تو پاس ہونا ہی ہونا ہے، اس پہ باتیں ہم کر چکے ہیں، وہ تو مطلب ہمارا جو Annual Budget تھا ہم اس پہ کر چکے ہیں، تو میں درخواست سب ایم پی ایز سے کرتی ہوں کہ اگر وہ اس پہ نظر ثانی کرتے ہوئے، جو عظیم حادثہ ہمیں پیش آیا ہے ہماری اس اسمبلی کو، آٹھ لوگ ہم سے جدا ہو چکے ہیں، تو اگر اس پہ یہ بجٹ بھی پاس کر دیا جائے تو مہربانی ہوگی۔ تو یہ میری ریکویسٹ ہے ایم پی ایز اور تمام منسٹرز اور تمام اپوزیشن کے لوگوں سے۔ دوسرا جناب سپیکر صاحب،۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ اگر تھوڑی سی کوشش کرینگے کہ اگر یہ پورا نہیں ہو سکتا تو مختصر کرینگے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جی بالکل، بالکل جی۔

جناب سپیکر: اگر یہ کٹ موشنز پہ تھوڑا تھوڑا سب بولیں، وہ آپ کی مرضی پہ ہے، آپ جس طرح کہیں گے ہم اسی طرح چلائیں گے، آپ کی بات صحیح ہے کہ زیاد جیسا چھوٹا، میرا تو بیٹا بھی تھا۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: بالکل جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: اور دوست بھی تھا اور سب کچھ تھا اور مجھے آج خود بھی افسوس ہو رہا ہے، اس کی خالی سیٹ دیکھ کر میں خود بھی Feel کر رہا ہوں لیکن اگر آپ اس پر مختصر ہو جائیں تھوڑا سا، یہ لاء منسٹر صاحب۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: دوسرا جناب عالی، میں جو دوسرا، یہ تو میں نے تمہید ایک بات کی باندھی تھی جناب سپیکر صاحب، کل پرسوں کی بات ہے کہ پاکستان کی چار اسمبلیاں اور ایک نیشنل اسمبلی، جہاں پہ بلوچستان، سندھ اور خیبر پختونخوا کی اپوزیشن کے لوگوں نے اور جو صاحب اقتدار لوگ ہیں، انہوں نے میرا خیال ہے جتنا تعاون ایک دوسرے کے ساتھ کیا، ایک دوسرے کو Respect دی، ایک دوسرے کو تعظیم دی، آپ نے ہمیں جتنی عزت دی، سی ایم نے ہمیں جتنی عزت دی، منسٹرز صاحبان نے اگر کام نہیں کئے لیکن عزت واحترام اسی طرح دیا جیسے ہم ان کی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں یا ان کی بہنیں ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، کل ایک ایسا واقعہ پنجاب اسمبلی میں پیش آیا کہ جہاں پہ علاؤالدین جس کا تعلق نون گروپ سے ہے جناب سپیکر، اس نے یہ کہا کہ جو عورتیں پارلیمنٹ میں آئی ہیں، وہ* + + + + + کرتی ہوئی پارلیمنٹ تک پہنچی ہیں جناب سپیکر صاحب اور وہاں پر پیپلز پارٹی کی ایک ایم پی اے کی سپیکر نے رکنیت بھی معطل کر دی اور اس کے بعد اس کو جناب سپیکر صاحب، ہاسپٹل تک لے جایا گیا۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہاں پر کیا کہوں کہ کیا نواز شریف* + + + + ہے، کیا سپیکر* + + + + ہے، کیا شہباز شریف* + + + + ہے کہ انہوں نے اپنی Monopoly بنا کے اور عورتوں کے بارے میں وہاں پہ جو ہنگامے عورتوں کے ساتھ کرتے ہیں اور جوتے عورتوں کو مارتے ہیں؟ جناب سپیکر صاحب، میں سمجھتی ہوں کہ نواز شریف کو اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر بات کرنی چاہیئے، اس کو تو میں پارلیمنٹیرین کیا کہ میں اس کو تو کسی مسلم لیگ کا قائد مانتی نہیں ہوں جو کہ اپنے ایک ایم پی اے کو سمجھا نہیں سکتا کہ ایک عورت جو ہے، جب نواز شریف جیل میں تھے تو تھر تھرا رہے تھے، تھر تھرا رہے تھے کہ مجھے پھانسی ہو جائیگی، جب اس کی بیوی نکلی اور ہر ایک شہر میں مردوں کے پاس گئی تو کیا وہ* + + + + نہیں نکلی، وہ* + + + + + کرتی ہوئی نہیں نکلی تھی؟ جناب سپیکر، جب اپنے گھر کی عورتیں اپنے مردوں کیلئے نکلتی ہیں تو ان کو کہتے ہیں کہ جناب عالی، بہت اچھا مقام ہے لیکن جناب سپیکر صاحب، میں یہاں پر یہ بات ضرور کرنا چاہونگی کہ آج یہ علاؤالدین صاحب ہیں، انکی رکنیت کو معطل کیا جائے جنہوں نے عورتوں کو یہ کہا کہ* + + + + +

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

کرتی ہوئی پارلیمنٹ میں پہنچی ہیں۔ جناب سپیکر، ان میں ان کی رشتہ داریاں بھی ہیں، ان میں مسلم لیگ نے تمام اپنے رشتہ داروں کو بٹھایا ہے، اسکا مطلب ہے کہ انکے رشتہ دار بھی* + + + + +کرتے ہوئے نکلے ہیں۔ جناب سپیکر، میاں نواز شریف جو* + + + + +ہے، شہباز شریف جو* + + + + +ہے، اب انکی اس معاملے میں جوڈیشل انکوائری ہونی چاہیئے تھی جناب سپیکر صاحب، میں جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ۔۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> میں جناب سپیکر صاحب، اس کیلئے میں اپنی اسمبلی کو داد دیتی ہوں کہ یہاں پر جس طریقے سے افہام وتفہیم سے بات کرتے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ہم نے کبھی کسی کے بارے میں اس قسم کی بات نہیں کی ہے لیکن ان کے ارکان اسمبلی* +بن گئے ہیں کہ یہاں پہ۔۔۔۔۔

(شور، قطع کلامیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> آپ بیٹھ جائیں، آپ سب بیٹھ جائیں، (شور) آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں۔ (شور) سارے بیٹھ جائیں، سارے بیٹھ جائیں جی، آپ بیٹھ جائیں، میں خود بولتا ہوں نا۔ (شور) آپ مجھے بولنے دیں۔ (شور) جی آنریبل لاء۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں نہیں، آپ کچھ بولتے ہیں یا میاں صاحب، آپ تھوڑا سا؟

<u>میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات):</u> **جناب سپیکر، هغوی یو کس خپله کوی، اودکړی ځکه چې اوس دوئ خبره وکړه۔**

<u>جناب سپیکر:</u> میرے خیال میں آپ میں سے ایک بولے، آپ ایک بولیں، ایک بولیں۔ جی سردار شمعون یار کا مائیک آن کریں۔

<u>سردار شمعون یار خان:</u> شکریہ جناب سپیکر۔ یہ بات تو ان کو ایسے نہیں کرنی چاہیئے تھی کہ جو ہمارا ایک Colleague جو تھا، وہ ہم سے آج چلا گیا ہے، وہ ہمارے درمیان موجود نہیں ہے اور اس کی بات کو بہانہ بنا کر انہوں نے اس سے موقع لیا اور ایک دم سے شروع ہو کر، یہ پاگلوں کی طرح شروع ہو گئی، مجھے سمجھ نہیں آتی ہے۔۔۔۔۔

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پاگل تو تو ہے، پاگل تو ہے۔

سردار شمعون یار خان: مجھے سمجھ نہیں آتی ہے کہ اس طرح۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں اس طرف، No cross talk۔

سردار شمعون یار خان: تو کیا ثابت کرنا چاہتی ہے اپنے آپ سے۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی اس کی طرف مخاطب ہو کر نہیں بولنا، اس طرف، ڈائس کی طرف بولیں۔

سردار شمعون یار خان: مجھے سمجھ نہیں آتی ہے کہ یہ اپنے آپ سے کیا ثابت کرنا چاہتی ہیں؟ یہ اسمبلی کی رکن ہیں (شور) یہ اسمبلی کی رکن ہیں اور ان کو چاہیئے کہ وہ اس طرح کا برتاؤ کریں، یہ جو باتیں انہوں نے کی ہیں، اس کا میں بھی اسی طرح جواب دے سکتا ہوں پر میں کم پڑھا لکھا نہیں ہوں، میں ایک معزز شہری ہوں اور میں چاہتا ہوں، جس خاندان سے میرا تعلق ہے میں اس کی روایت بھی برقرار رکھوں، لہذا انہوں نے جو باتیں کی ہیں میرے لیڈر کے خلاف اور جس شخص کے بارے میں انہوں نے نشاندہی کی ہے، وہ اس کا اپنا قول و فعل ہے، میں اس کی طرفداری بھی نہیں کرونگا، میں نے خود بھی ٹی وی پر دیکھا، اس نے غیر مہذب قسم کی باتیں ضرور کی ہیں، وہ ان کی اسمبلی کا معاملہ ہے، وہاں پر جو بات ہوئی ہے، وہ سپیکر کا کام ہے اور ممبران اسمبلی کا آپس کا معاملہ ہے، اس بات کو یہاں پر اٹھانے کی ضرورت نہیں تھی اور میں آپ سے چاہونگا اور تمام میرے معزز ساتھیوں سے چاہونگا کہ یہ ہمارا جو دائرہ اختیار ہے، اس کا لحاظ کرنا چاہیئے، اپنے دائرہ اختیار سے بھی باہر نہیں جانا چاہیئے اور کسی دوسرے کو موقع بھی نہیں دینا چاہیئے کہ وہ اپنے دائرہ اختیار سے باہر آئے۔ لہذا میں چاہونگا کہ یہ معافی مانگیں اس بارے میں، جو انہوں نے بات کی ہے، نہیں تو میں ان کے ساتھ، مجھے موقع ملے گا تو میں ان کے ساتھ ضرور بات کرونگا، اور آپ فوری طور پر جو انہوں نے الفاظ کہے ہیں، میاں نواز شریف صاحب کے بارے میں اور ان کے بھائی کے بارے میں، میاں شہباز شریف کے بارے میں، ہماری پارٹی کے بارے میں اور بھی بہت ساری باتیں، سوائے اس کے جو انہوں نے پہلے بات کی ہے چار سطروں کی، اس کے علاوہ آپ تمام باتوں کو حذف کرنے کا فوری طور پر حکم دیں اور یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ آپ کسی بھی لیڈر کے بارے میں باتیں کر لیں۔ میں نے پہلے بھی ذکر کیا کہ جو میرا خاندان ہے، جو میرے والد کا سٹیٹس ہے اور جو میرا اپنا رتبہ ہے، میں اس کے مطابق، اس کے درمیان رہ کے بات کرونگا، میں بالکل بھی جو ہے، اپنی ایک کم ظرفی اور کمزوری کا بالکل بھی میں یہاں پر ان کو اجازت نہیں دونگا کہ یہ سمجھ رہی ہیں کہ ہم لوگ آج تین ممبر یہاں پر بیٹھے

ہوئے ہیں، تو یہ بالکل یہ نہ سمجھیں کہ ہم لوگ یہاں اکیلے ہیں، میں خود اکیلا بھی ہوں تو میں اس اسمبلی میں اپنا بھی اور اپنی پارٹی کا دفاع کرونگا اور اپنی پارٹی کے تمام عہدیدار اور جو ہمارے لیڈرز ہیں، میں سب کا دفاع کرونگا۔ یہ فوری طور پر آپ اس اسمبلی کی کارروائی سے ان الفاظ کو حذف کروائیں اور ان کو آپ کہیں، یہ وارننگ دیں، میری طرف سے آپ دیں ان کو وارننگ کہ آئندہ مہربانی کرکے اس طرح کے الفاظ بالکل بھی مت استعمال کریں۔ بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی میاں افتخار صاحب، مختصر، اصلاح والی۔

<u>وزیر اطلاعات</u>: بالکل مختصر ہی بات۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اصلاح والا خبرې وکړئ۔

<u>وزیر اطلاعات</u>: بالکل جی، اصلاح والی بات کرینگے۔

<u>جناب سپیکر</u>: اصلاح والی بات کریں۔

<u>وزیر اطلاعات</u>: ایسا ہی ہے، چونکہ نگہت بی بی نے جو بات اٹھائی ہے، وہ تو شمعون بھائی نے کہہ بھی دیا کہ انہوں نے غیر مناسب الفاظ استعمال کئے ہیں، جو پنجاب اسمبلی میں ہوا تھا کوئی بھی اس کو صحیح نہیں کہہ سکتا اور خود پنجاب اسمبلی میں بہت بڑا ہنگامہ اب بھی جاری ہے، لہذا ہم یہ سمجھتے ہیں کہ وہ تو خود ہی لوگ مان رہے ہیں کہ انہوں نے غلطی کی ہے، اگر آج نگہت بی بی نے اس کی نشاندہی کی ہے تو یہ درست ہے لیکن اس کے علاوہ جو الفاظ استعمال کئے ہیں، میں نگہت بی بی سے بھی یہ گزارش کرونگا کہ وہ الفاظ اس کارروائی سے حذف کئے جائیں۔ میاں نواز شریف صاحب اور شہباز شریف صاحب اس ملک کے معزز سیاستدان ہیں، اور ہم پارلیمنٹیرین ایک دوسرے کی قدر کرنا جانتے ہیں۔ اگر ایک شخص نے غلط زبان استعمال کی ہے تو اس کو راہ راست پر لانا چاہیئے، بجائے اس کے کہ ہم مزید بگھاڑ پیدا کریں، لہذا شمعون بھائی نے بھی جس طریقے سے الفاظ استعمال کئے، اچھا کیا کہ ایک مہذب دائرے میں رہتے ہوئے انہوں نے بات کی، پھر یہ بھی کہ آپ ہی کے پاس اختیار ہے اور میں نگہت بی بی سے کہونگا کہ مزید جو انہوں نے کچھ کہا ہے، ٹھیک کہا ہے لیکن سپیکر صاحب اس کو حذف کریں تو یہ مناسب رہے گا اور ہم سب کا احترام ایک دوسرے پر لازم ہے۔ بڑی مہربانی، شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ۔ اچھا، بات ایسی ہے کہ پہلے تو جتنی بھی غیر پارلیمانی لینگوئج اس میں آئی ہے، اس کو حذف کیا جائے۔ دوسری گزارش یہ ہے سیاسی دنیا جس Turmoil سے گزر رہی ہے، ایسے دنوں میں اور

بھی پبلک کے بہت بڑے بڑے مسائل سامنے ہیں، زیادہ وقت گزر چکا، چند مہینے رہتے ہیں، میں سب سے گزارش کرونگا چاہے جو بھی Active players ہیں، اس سارے Scenario کے، وہ برداشت سب آپس میں پیدا کریں۔ جو چار سوا چار سال گزر چکے، کسی پر اچھے تھے کسی پر برے تھے، جس طرح بھی تھے لیکن ابھی اس وقت قوم کو بیرونی اور اندرونی بہت سی سازشوں کا سامنا ہے، آپ دیکھ رہے ہیں کہ قوم کس کڑی آزمائش سے گزر رہی ہے، میڈیا سب کچھ آپ کے سامنے پیش کر رہا ہے تو ایسے میں آپس میں جتنی ہم Unity پیدا کریں اور برداشت سے کام لیں اور جمہوری طریقے سے ایک دوسرے کا، جو بھی پروسیجر ہو، جو بھی طریقہ ہو سیاست کا، اس طریقے سے اپنی سیاست کو آگے بڑھائیں۔ Thank you very much، بہت شکریہ جی۔ یہ آج جو ڈیبیٹ ہے، آج ڈیبیٹ کو اگر، بجٹ پر ڈسکشن کو اگر چھوڑ دیں اور کٹ موشنز کی طرف آئیں تو آپ کی کیا رائے ہے، کٹ موشنز کی طرف آ جائیں؟

<u>حافظ اختر علی</u>: جناب سپیکر! ادھر ایک دھماکہ ہوا، اگر اس کیلئے دعا کی جائے۔

<u>جناب سپیکر</u>: ہاں یہ بات ضروری ہے، حافظ اختر علی صاحب نے اس طرف توجہ دلائی ہے کہ جو دھماکہ ہوا ہے جس میں شہید ہوئے ہیں تو حافظ اختر علی صاحب! اس پر آپ ہی دعا بھی مانگیں، مغفرت مانگیں، ان تمام بھائیوں کیلئے دعائے مغفرت کی جائے۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر</u>: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں: جناب سید مرید کاظم شاہ صاحب 22-06-2012 کیلئے، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب 22-06-2012 کیلئے، جناب خلیفہ عبدالقیوم صاحب 22-06-2012 تا اختتام اجلاس، جناب ڈاکٹر اقبال دین فنا صاحب 22-06-2012 کیلئے، عنایت اللہ خان جدون صاحب 22-06-2012 کیلئے، شگفتہ ملک صاحبہ 22-06-2012 کیلئے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The leave is granted.

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر</u>: جی لودھی صاحب، دل میں کیا ہے؟ ایک منٹ ذرا لودھی صاحب، ایک واقعہ جو پرسوں ادھر بہت ڈسکس ہوا ہے جس میں ہماری ایک معزز رکن اسمبلی یاسمین ضیاء صاحبہ کے ساتھ کچھ واقعہ ہوا

تھا،اس میں گورنمنٹ کی طرف سے جس طرح ادھر 'کمٹمنٹ' ہوئی تھی فلور آف اسمبلی پر تو میں شکریہ ادا کرونگا کہ انہوں نے Prompt action لیا ہے اور محمد ذیشان رضا جو گریڈ 18 کا افسر تھا، اس کو Surrender کیا گیا ہے وفاقی حکومت کو، یہ ایک اچھا اقدام ہے۔ (تالیاں) ہاؤس کی 'کمٹمنٹ' کو اسی طرح Honour ہونا چاہیئے اور آگے جو کمیٹی ہے، وہ اپنا کام فوری طور پر کر کے رپورٹ ہاؤس کو پیش کرے۔ No discussion، کٹ موشنز: کٹ موشنز پر سب تھوڑا تھوڑا جو بولنا چاہیں گے۔ جی قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! ہم تو روز، آئے دن ایک نیا ہی دکھ دیکھتے ہیں۔ آج بھی ہمارے لئے بہت دکھی دن ہے، تمام بیٹھے ہیں لیکن ہمارے ساتھ ہمارا ایک ساتھی، نوجوان ساتھی زیاد اکرم صاحب، وہ فوت ہو گیا اور اکرم درانی کا وہ بیٹا ہے، میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں اکرم درانی صاحب کو کہ جب میں نے اس کو کہا کہ صبر کرنا ہے تو اس نے کہا کہ یہ اللہ کی طرف سے تحفہ تھا، اس نے واپس لے لیا، میرا تو تھا ہی کچھ نہیں۔ میں بہت بڑا متاثر ہوا ہوں ان سے کہ بڑے بڑے عالم، بڑے بڑے پیر فقیر، بڑے بڑے لوگ جس طرح میاں صاحب نے ضبط کیا، اس کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ میاں صاحب کا اکلوتا بیٹا تھا، انہوں نے بھی بڑا صبر کیا اور ایسے تاثر دے رہے ہیں ان اپنے مخالفوں کو کہ مجھے یہ دکھ، حالانکہ ان کو کتنا بڑا دکھ ہوا ہوگا لیکن ظاہری طور پر یہ چونکہ اپنے دشمنوں کو یہ بتارہے ہیں کہ جنہوں نے یہ اقدام کیا، میں ٹھیک ٹھاک ہوں لیکن یہ اندر سے ہمیں پتہ ہے کہ انکا کیا ہوا ہوگا۔ اسی طرح درانی صاحب لیکن اس کی طبعی موت تھی، انہیں پھر بھی کچھ صبر تھا۔ جناب سپیکر، دوسری میری ریکویسٹ یہ ہے کہ ہر ایک کی اپنی روایت ہے اور ہماری اسمبلی کی اپنی روایت ہے تو میری ریکویسٹ ہوگی سب بہنوں سے، بھائیوں سے، سب پارٹیوں کے ذمہ داروں سے کہ اس طرح روایت کو اپنانا ہے، تھوڑے دن رہ گئے ہیں، کون کیا کرتا ہے، یہاں کیا ہو رہا ہے، میڈیا ہر ایک کو Aware کر رہا ہے، بڑی تفصیل سے سب کچھ آرہا ہے، ایک ایک لفظ کو دس دس دفعہ ٹی وی پر، بلکہ سینکڑوں دفعہ دہرایا گیا تو جو غلط چیز ہے، وہ غلط ہے، ہم اس کو Condemn کرتے ہیں اور جس کا کوئی مقام ہے، اس کا ہم احترام کرتے ہیں، جو بھی ہے، میری بہن ہے اس نے جذبات میں بات کی، نواز شریف یا شہباز شریف کا ایک مقام ہے، وہ ایک پارٹی کے لیڈر ہیں-----

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں نواز شریف اور شہباز شریف کے مقام کو نہیں مانتی، میرے پارلیمانی لیڈر جو یہ کہتے ہیں کہ اگر ان کو ان سے کیوں الرجی ہے۔۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی: اچھا، وہ اس کا اختیار نہیں ہے تو وہ اس کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ چھوڑیں نگہت بی بی، ہر کسی کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے۔

حاجی قلندر خان لودھی: As a پارلیمانی لیڈر یہ میری ذمہ داری ہے (شور) یہ میری ایک ذمہ داری تھی، میں نے کر دی، اس نے جو کچھ کیا اس نے کر دیا اور میں نے اس کو نہیں روکا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دیکھیں، لودھی صاحب! آپ ایک منٹ خاموش۔۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی: یہ اس اسمبلی کی روایت ہے، آپ اس روایت کو نہیں رکھنا چاہتے کہ کل ہم کسی کے لیڈر کو، میرا لیڈر بڑا قابل احترام ہے، اگر میرے لیڈر کی کوئی بات کرے گا تو جب آپ لوگ ایک دوسرے پر انگلی اٹھائیں گے، کل یہ کسی کے مسلک کو آپ کہیں گے اور جب ہم سنی یہاں اگر دوسرے کسی کے مسلک پر کریں گے تو وہ جب (ہمارے مسلک پر) بات کرے گا تو ہم برداشت کر سکتے ہیں؟ اسی طرح دنیاوی لحاظ سے بھی دیکھیں کہ ہم اپنے لیڈر، اپنے بڑے کی بات اگر نہیں برداشت کر سکتے تو ہمیں چاہیئے دوسروں کی طرح، درمیانہ میں نے بات کی ہے۔ اس پر جو اس نے کر دیا وہ کر دیا ہے اور اس کے آگے اگر کوئی بات ہے، بہرحال۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، یہ ضمنی بجٹ پر اگر تھوڑا سا آپ دیدیں موقع تو ذرا یہ ہو جائے گا کہ کم از کم ضمنی بجٹ آیا ہے 29 ارب اور 62 کروڑ کا، تو اس پر تھوڑی سی بات ہو جائے اور کٹ موشنز آپ کا اختیار ہے، ویسے بھی آپ نے سالانہ بجٹ میں بھی جو کچھ کیا، آپ نے پاس کر دیا۔ یہاں بھی آپ جس وقت کہتے ہیں آپ پاس کر دیں گے، ہمیں اس کا ڈر نہیں ہے۔ تو یہ اگر آپ اجازت دیں تو میں چند باتیں کر لوں؟

جناب سپیکر: میں لودھی صاحب، آپ کی بات سے، ایک بات سے متفق ہوں کہ ہم آپس میں برداشت کا مادہ پیدا کریں اور شائستگی کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوٹنا چاہیئے۔ بہت سی چیزوں سے ہمیں لیڈرشپ پر اعتراض ہو گا، ہمیں اچھا نہیں لگے گا لیکن انکا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے، وہ اپنی سوچ سے چلتے ہیں، وہ بات آپ کی صحیح ہے، ابھی جو ضمنی بجٹ کی طرف آتے ہیں، بسم اللہ، آپ کو بالکل موقع ملے گا، آپ تو ویسے بھی کونسے کٹ موشن پر، آپ خالی اس پوائنٹ پر نہیں رہتے، آپ لوگ پوری اپنی سیاست ایک کٹ موشن کے اندر

لے آتے ہیں، آپ کو تو میں ویسے بھی فری ہینڈ دیتا ہوں، جتنا بھی آپ لوگ بولتے ہیں، میں آپ کا اتنا لبرل اور اتنا کھلا ڈھلا سپیکر کبھی آپ کو نہیں ملے گا۔ میں ابھی (تالیاں) آج صحیح بات ہے، میں آپ کو اپنے جذبات سے بھی واقف کر دوں کہ جس بچے کے بارے میں آپ نے بات کی، زیاد جان، میں نے پہلے بھی بتایا کہ دوست کے علاوہ وہ میرا بیٹا بھی تھا، مجھے جو کچھ وہ اپنے والد کو نہیں کہہ سکتا تھا وہ مجھے کہتا تھا۔ اتنی بات بتا دوں کہ میں خود اس پوزیشن میں نہیں ہوں، اگر آپ تین دن قائم رکھنا چاہتے ہیں تو پھر میں کسی اور کو بلاؤنگا، وہ ادھر بیٹھ جائے گا، وہ آپ کی اسمبلی پھر وہ چلائے۔ میرے اندازے کے مطابق محدود حد تک کٹ موشنز میں آپ کو موقع ملتا رہے گا، آپ بولتے رہیں، اس پر جتنا بھی آپ کا دل چاہے، جو بھی آپ کے اس میں ہوگا، آپ کو موقع ملے گا۔ جی آنریبل منسٹر فار لاء۔ اس کو ڈیفر کرتے ہیں جو ڈسکشن تھی اور کٹ موشنز کی طرف آتے ہیں۔ آپ کٹ موشنز پیش کریں اور میرے معزز اراکین کے اپنے دل میں جو بھی مناسب ان کو آتا ہے، وہ بولتے رہیں گے۔

ضمنی بجٹ 12-2011 کے مطالبات زیر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: Honourable Minister for Law, to please move Demand No. 1.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 2 کروڑ 59 لاکھ 84 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران صوبائی اسمبلی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: The motion moved that a sum not exceeding rupees 2 crore, 59 lac, 84 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2012, in respect of Provincial Assembly”.

Since no cut motion has been moved by any honourable Member on Demand No. 1, therefore, the question before the House is that Demand No. 1 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Demand is granted. Honourable Minister for Law, on behalf of honourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, to please move Demand No. 2.

وزیر قانون: شکریہ جناب سپیکر۔ میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 6 کروڑ 39 لاکھ 2 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران نظم ونسق عمومی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved that a sum not exceeding rupees 6 crore, 39 lac, 2 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2012, in respect of General Administration".

'Cut Motions on Demand No. 2': Janab Muhammad Akram Khan Durrani Sahib. وہ تو موجود نہیں ہیں تو Lapse ہو گیا۔ ثناء اللہ خان میانخیل صاحب، وہ بھی موجود نہیں ہیں، It lapses۔ سردار اورنگزیب خان، وہ بھی نہیں ہیں، It lapses۔

Saeeda Batool Nasir Sahiba, to please move her cut motion on Demand No. 2.

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: میں پانچ لاکھ کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five lac only. Shah Hussain Sahib.

جناب شاہ حسین خان: سپیکر صاحب، د سلو روپو د کټوتئ تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mufti Kifayatullah Sahib.

مفتی کفایت اللہ: شکریه جناب سپیکر۔ یو زر، یو سل او د یوؤلس روپو تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand, one hundred and eleven only. Malik Qasim Khan Khattak Sahib.

تاسو مفتی صاحب! چرته مونږ ته لاړئ نو ما وئیل چې مونږه هم مونږ له لاړ شو کنه که تاسو، قاسم خان خټک صاحب نشته، It lapses، د مونږ ټائم شوے دے که څنګه؟ کیا؟

ایک رکن: اگر چائے اور نماز کا وقفہ کیا جائے۔

جناب سپیکر: چائے بہ هم وشبنکو او مونږ به هم وکړو۔ جاوید عباسی، زمین خان صاحب۔

جناب محمد زمین خان: زہ ئے واپس اخلم۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Withdrawn. Naseer Muhammad Khan. Not present, it lapses. Noor Sahar Bibi.

محترمہ نور سحر: تھینک یو، سپیکر صاحب۔ میں واپس لیتی ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Saeeda Batool Nasir Sahiba.

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: تھینک یو، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، ماحول کو دیکھتے ہوئے میں اپنی تحریک کو واپس لیتی ہوں لیکن ایک دو باتیں کرنا چاہتی ہوں۔ یہ جیسا کہ ماحول سوگوار ہے اور ہمارے Colleague ہیں زیاد درانی، دلی افسوس ہوا درانی صاحب کے جوانسال بیٹے کی موت پر اور میں خراج تحسین پیش کرتی ہوں خود درانی صاحب کے حوصلے کو۔ اسی طرح میاں صاحب کا جیسے بیٹا شہید ہوا، ان کا حوصلہ بھی ہمارے لئے قابل فخر اور قابل تحسین ہے اور یہی بات ہے جناب سپیکر کہ جیسے کل بلور صاحب نے بات کی کہ ہر ایک کی زندگی کا تو ایک دن معین ہے، موت کا تو ایک دن معین ہے، ہر ایک کا ٹائم لکھا ہوتا ہے لیکن جس طرح کہ دہشتگردی یا جس وجہ سے بھی کوئی کسی کو قتل کرتا ہے، شہید کرتا ہے، جیسے میرا اپنا بھائی 2005 میں شہید کیا گیا، اس کو قتل کیا گیا تو انکے بارے میں تو ان کی عدالت، اللہ ہی انکے بارے میں عدل کرے گا اور ان کو انصاف، لیکن ہم لوگ تو یہی اللہ کی رضا میں، اللہ کی رضا کے سامنے سر جھکاتے ہیں اور جو لوگ سر جھکاتے ہیں اللہ کی رضا کے آگے تو وہ بے شک سرخرو ہوتے ہیں اور ان کو اس کا صلہ، اللہ تو عادل ہے اسکا صلہ ملتا ہے۔

جناب سپیکر: ان شاء اللہ۔

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: اس کے ساتھ ہی جناب سپیکر، ایک بات میں بالکل پارلیمانی لہجے میں کروں گی، ہم لوگ یہاں پر آئے ہیں تو قانون کی حد میں، قانون کے ذریعے جو بھی ہمیں میسر ہیں، اسی طرح بات کریں گے۔ وہ تو پنجاب اسمبلی کا معاملہ ہے لیکن ایک خاتون ہونے کے ناطے صرف میں اتنا تو حق رکھتی ہوں کہ میں اس کی مذمت کروں کہ علاؤالدین شیخ نے جو الفاظ خواتین کے بارے میں کہے، جو پارلیمنٹرین کے بارے میں کہے جناب سپیکر، پارلیمنٹرین خاتون تمام عوام کو Represent کرتی ہیں، صوبے کو

Represent کرتی ہیں وہ قابل قدر ہیں، ہر عورت قابل قدر ہے، عورت کی تو اپنی فضیلت ہے لیکن کوئی اس طرح کا ذہن رکھتا ہے اور کوئی اس طرح کی زبان، پھر پارلیمنٹ میں ممبر ہو کر استعمال کرتا ہے تو وہ بالکل غلط ہے اور میں ریکویسٹ کروں گی، میں درخواست کروں گی چیف صاحب سے، جو کہ آج کل بہت انصاف دے رہے ہیں، وہ ملک میں بہت انصاف فراہم کر رہے ہیں، انصاف بہت سستا ہو گیا ہے، عدل بہت ہے، تو وہ اس علاؤالدین شیخ کی رکنیت ہمیشہ کیلئے ختم کریں، ایسے بندے کو پارلیمنٹ میں آنا ہی نہیں چاہیئے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی، Withdrawn۔ شاہ حسین صاحب۔

<u>جناب شاہ حسین خان:</u> زہ واپس اخلم جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> واپس، Withdrawn۔ (تالیاں) مفتی کفایت اللہ صاحب۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> شکریہ جناب سپیکر۔ میں تو ایک طالبعلمانہ سوال کرتا ہوں کہ آخر ضمنی بجٹ پیش کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوتی ہے؟ جہاں میری معلومات ہیں کہ ہم اندازہ لگاتے ہیں Annual budget کا اور کبھی کبھی وہ اندازہ غلط ثابت ہو جاتا ہے اسکی وجہ سے انہیں کچھ جاری اخراجات کرنا پڑتے ہیں تو ان اخراجات کو جائز بتانے کیلئے یہاں ہمارے سامنے پیش کرتے ہیں اور یہاں اکثریت کی بنیاد پر وہ پاس ہو جاتا ہے لیکن یہ اندازے تو تب غلط ہوتے ہیں جب کوئی ناگہانی آفتیں آتی ہیں، یعنی کوئی زلزلہ آگیا ہے، اب اس کیلئے ہمیں Extra خرچہ پڑا، یا کوئی سیلاب آگیا، اس طرح کوئی مصیبت آگئی، اللہ تعالیٰ نے تو اس سال ہمیں بچایا ہے لیکن ہماری بیوروکریسی کی عادت ہے کہ وہ ضمنی بجٹ کیلئے مستقل تیاری کرتے ہیں، 303 ارب روپے کے بجٹ کے اندر ضمنی بجٹ آ رہا ہے 29 ارب، اگر میرا حساب ٹھیک ہے تو یہ آتا ہے دس فیصد تو ایسا تو نہیں ہوا کہ وہ مونچھیں دھاڑی سے لمبی ہو گئی ہیں؟ اور جناب سپیکر، یہ انتظامیہ ہے اور انتظامیہ کو تمام اخراجات اٹھانا پڑتے ہیں تو کم طریقے سے بتایا جاتا ہے کہ ہم نے وزیر اعلیٰ ہاؤس کے اخراجات کم کر دیئے ہیں اور ہم نے گورنر ہاؤس کے اخراجات کم کر دیئے ہیں اور یہ بتایا جاتا ہے کہ وزراء ایک روپے کم کر لیتے ہیں اپنی تنخواہوں میں تو ایک میسج جاتا ہے۔ اس دفعہ اس طرح کی سخاوت نہیں ہوئی تو میں وزیر موصوف کو سنوں گا تو اسکے بعد ان شاء اللہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی آنریبل منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: مہربانی جی۔ ایسا ہے جی کہ مفتی صاحب ماشاء اللہ بہت، ہم سب سے زیادہ سمجھدار شخصیت ہیں اس اسمبلی میں، ان کو زیادہ اچھا پتہ ہے کہ ضمنی بجٹ کی ضرورت تب ہی آتی ہے کہ Annual budget جو بنتا ہے، وہ ایک Estimation ہوتی ہے، ایک اندازے کے مطابق ایک چیز بنتی ہے اور Exact figures forecast کرنا جو ہے، وہ ناممکن سی بات ہے اور یہ نہیں ہے کہ یہ اسمبلی کا پہلا ضمنی بجٹ ہے، میرے خیال سے جتنی بھی حکومتیں رہی ہیں، سب کا ایک ایک طریقہ کار رہا ہے کہ اگر Expenses کچھ بڑھے ہیں تھوڑے بھی، اگر زیادہ ہوئے ہیں تو ابھی یہاں پر ذکر ہوا ہے Up to 10% یا 10% سے کچھ کم اس میں رد و بدل آئے تو 10% تو میرے خیال سے ایک مناسب سی چیز ہے، اتنا کوئی Gigantic figure نہیں ہے اور اس قسم کی کوئی ایسے اخراجات کی بھی انہوں نے نشاندہی نہیں کی جو کہ حکومت نے کوئی ایسی شاہ خرچیاں کی ہیں۔ ہاں البتہ یہ ضرور ہے کہ جس طرح آپ کو پتہ ہے کہ پورے سال میں پیٹرول کی قیمتیں زیادہ ہوئی ہیں، تنخواہوں کی مدوں میں اضافہ ہوا ہے اور اس قسم کے Miscellaneous expenditures جو ہیں، وہ کچھ روپے کی قدر میں کمی اور یہ ساری چیزیں مل ملا کر 10% Effect تو Definitely economy پر پڑتا ہے، تو Overall یہ It's not a bad figure تو مہربانی ہو گی آج کے ماحول کے مطابق کہ یہ آپ Withdraw کر لیں۔ تھینک یو۔

مفتی کفایت اللہ: Withdraw کوم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: تھینک یو جی۔ یہ ذرا میں ایک تھوڑی سی وضاحت کروں کہ یہ جو ضمنی بجٹ ہے، آئین نے اس کی گنجائش دی ہے۔ سالانہ بجٹ ایک تخمینہ ہوتا ہے اور اس میں کمی بیشی ضرور ہوتی ہے کیونکہ نئی چیزیں سال کے دوران آجاتی ہیں جو اسمیں Cover ہوتی ہیں لیکن ایک بات کی کوشش کرنی چاہیئے کہ وہ زیادہ Exceed نہ کرے، باقی یہ Constitutional requirement ہے، یہ آجاتا ہے۔ تھینک یو، جی۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 2, therefore, the question before the House is that Demand No. 2 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Minister for Finance, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 3.

(Applause)

جناب محمد ہمایون خان(وزیر خزانہ): جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/140روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران خزانہ، خزانہ جات اور لوکل فنڈ آڈٹ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved that a sum not exceeding rupees 140/- only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Finance, Treasury and Local Fund Audit. 'Cut Motions':

جناب اکرم خان درانی صاحب تو، اللہ ان کو صبر دے، وہ تو ہیں نہیں، ثناء اللہ خان میا نخیل صاحب بھی نہیں ہیں، آج تھوڑا ذہنی طور پر میں خود بھی نہیں ہوں۔ سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، وہ نہیں ہیں۔ سعیدہ بتول ناصر صاحبہ۔

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: میں پانچ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five only. Shah Hussain Sahib.

جناب شاہ حسین خان: سپیکر صاحب! میں دس روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten only. Fazlullah Sahib, not present, it lapses. Mufti Said Janan Sahib.

مفتی سید جانان: د پچیس روپئ کٹوتئ تحریک پیش کوم جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twentyfive only. Mufti Kifayatullah Sahib.

مفتی کفایت اللہ: میں بڑے احترام سے واپس لیتا ہوں

(قہقہہ، تالیاں)

جناب سپیکر: مفتی صاحب کی ایسی ایسی بعض ادائیں ہیں کہ خدا نہ کرے، خدا ان کو بہت زندگی دے، لیکن ہمیں تب قدر آتی ہے اور تب محسوس ہوتا ہے جب وہ ہم میں نہیں ہوتے تو خدا ان کو لمبی اور دراز زندگی دے۔ سب کو، سب کو دراز زندگی دے۔ جاوید عباسی صاحب نہیں ہیں۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر، باقی مو مفتی صاحب پسې دا خبره وکړه چې دے روان دے۔

جناب سپیکر: خدائے د نه بوځی۔

وزیر اطلاعات: او خدائے د ورله عمر نور هم سیوا ورکړی، مونږ خو هسې هم ورپسې خفه کیږو چې غیرحاضر وی او چې لا بیخی لاړ شی۔

جناب سپیکر: نه نه، خدائے د نه بوځی، داسې ترسکون، داسې ترسکون استاذ جی، مفتی صاحب به تا ته بل ملاؤ شی؟

وزیر اطلاعات: دا یو خبره ده چې اخر فنا ده۔

جناب سپیکر: او اخر فنا ده جی، اخر فنا ده۔ زمین خان صاحب۔

جناب محمد زمین خان: واپس اخلم۔

جناب سپیکر: Withdrawn۔ یو ته ئے چې زما د جذباتو صحیح احساس تا سره شته۔ تهینک یو، زمین خان۔ زه اوس کله کله گورم ډپټی صاحب هم نشته، عبدالاکبر خان هم نشته، دا بنه ده شکر دے چې ثاقب خان شته، نو بس پینل آف چیئرمین نه به ځوک راغواړم که تاسو ډیر دغه کوئ۔ نور سحر بی بی۔

محترمہ نور سحر: سر، میں واپس لیتی ہوں۔

جناب سپیکر: Withdrawn۔ خدائے خبر څه چل دے؟ مفتی صاحب، دا کله کله داسې دغه وی، دا ماحول هسې داسې، گوره څومره موده مو تیره کړه او جی، بتول ناصر صاحبه۔

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: تھینک یو، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، یہ پانچ روپے میں نے صرف محکمے کی تعریف کرنے کیلئے ایک تحریک پیش کی تھی۔

Mr. Speaker: Okay, very good.

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: مجھے محکمے سے کوئی، یہ صرف واحد محکمہ ہے جو بہت اچھا کام کر رہا ہے، یہ سٹاف، سیکرٹری صاحب، باقی اور انکے، تھینک یو۔ آئندہ بھی اچھا کام کرتے رہیں۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ شاہ حسین صاحب۔ شکر ہے ہمایون خان، آپ کی پہلی دفعہ تعریف سننے میں آئی۔ (قہقہہ) یہ بی بی صاحبہ نے اچھے الفاظ میں آپ کے ڈیپارٹمنٹ کو Praise کیا۔ شاہ حسین صاحب۔

جناب شاہ حسین خان: سپیکر صاحب، ټول بنه خلق دے خو منسټر صاحب لږ زیات بنه دے، واپس اخلم جی۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Withdrawn, withdrawn. Mufti Janan Sahib.

مفتی سید جانان: دا ټول ملګری واپس اخلی، منسټر صاحب بنه سړے دے، زه خپل تحریک واپس اخلم۔

Mr. Speaker: Withdrawn, withdrawn.

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب، سپیکر صاحب، دوئ ته یو خواست کوم چې دا نور وزیران خو بدمعاشان نه دی، په شریکه واپس واخلئ، (قہقہے) دلته خو ټول شریفان دی د خدائے فضل دے او که لږه ډیره غلطی شوې وی بخښنه غواړو، بس بیخی واپس واخلئ۔

جناب سپیکر: نه ټولو خو واپس واخستو خو دوئ کښې لږه لږه خشنګی هم بعضې بعضې کښې شته، (قہقہہ) هغه خشنګئ د وجې نه، هیلته منسټر صاحب ته ځوک نه ګوری او دیخوا اخوا ګوری۔

Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 3, therefore, the question before the House is that Demand No. 3 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

یو پیالئ چائے هم چې وڅښنکو کنه که تیارې وی۔ تیارې دی چائے؟ لږ تپوس وکړئ۔ څه بیا کوشش وکړئ چې لږ زر راشئ، یو دس پندره منټ کښې به مونږ

هم وکړئ۔ دس پندرہ منٹ میں آپ نماز بھی پڑھ لیں اور پھر چائے بھی ایک کپ پی لیں۔ ہاں ان شاء اللہ، پندرہ منٹ Means پندرہ منٹ۔ شکریہ جی، تھینک یو۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز اور چائے کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ڈیمانڈ نمبر 4: آنریبل سینئر منسٹر پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ، پلیز۔

جناب رحیم داد خان {سینئر وزیر (منصوبہ بندی، ترقی و توانائی)}: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ ډیرہ مهربانی جی۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/50 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران منصوبہ بندی، ترقی و شعبہ شماریات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved and the question is that a sum not exceeding rupees 50/- only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Planning & Development? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

جناب سپیکر: ډیمانډ نمبر 4 دے کنه؟ ډیمانډ نمبر 4۔ آنریبل ممبر صاحبان، اگر آپ تھوڑا سا تعاون کریں اور اس کو تھوڑا سا شارٹ کٹ کریں۔ ہاں جی، مفتی صاحب صحیح ہے؟

مفتی سید جانان: ہاں جی، بالکل صحیح ہے۔

جناب سپیکر: صحیح شوه جی؟

مفتی سید جانان: جی۔

Mr. Speaker: Thank you ji, thank you very much. Honourable Minister for Science and Technology, Khyber Pakhtunkhwa, to please move Demand No. 5.

جناب محمد ایوب خان (وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی): شکریہ سر۔

جناب سپیکر: ایوب خان اشاڑی صاحب کا مائیک آن کریں۔ بس تاسو ئے پریږدئ، هغوی به ئے کوی۔ خه وایئ، شور نشته، لږ به۔

وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی: شکریہ جی۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/150 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved and the question is that a sum not exceeding rupees 150/- only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Information Technology? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

Demand No. 6: Hon`able Minister for Revenue and Estate, please.

جناب محمد شجاع خان (وزیر مال): جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/490 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران مال گزاری واملاک کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved, now the question before the House is that a sum not exceeding rupees 490/- only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Revenue & Estate? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 7: Honourable Minister for Excise and Taxation, please.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): جی، میں جناب وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی طرف سے ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/30 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران آبکاری و محاصل کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved, now the question before the House is that a sum not exceeding rupees 30/- only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect

of Excise & Taxation? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Minister for Law, to please move Demand No. 8.

وزیر قانون: میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 9 کروڑ 45 لاکھ 74 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران داخلہ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved, now the question before the House is that a sum not exceeding rupees 9 crore, 45 lac, 74 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Home? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Minister for Prisons, to please move Demand No. 9.

میاں نثار گل کاکاخیل (وزیر جیلخانہ جات): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 13 کروڑ 67 لاکھ 76 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران جیلخانہ جات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved, now the question before the House is that a sum not exceeding rupees 13 crore, 67 lac, 76 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Prisons? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 10: Honourable Minister for Law, to please move.

وزیر قانون: تھینک یو جی۔ سر، میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 3 ارب 43 کروڑ 54 لاکھ 29 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران پولیس کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

<u>Mr. Speaker:</u> The motion moved, now the question before the House is that a sum not exceeding rupees 3 billion, 43 crore, 54 lac, 29 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Police? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Minister for Higher Education, to please move Demand No. 12.

<u>Member</u>: Eleven.

<u>جناب سپیکر:</u> الیون نہیں ہے،

Eleven is missing, twelve, twelve, eleven is missing ji.

الیون کی ضرورت نہیں ہے، Missing ہے، ان کو ضرورت نہیں ہے۔

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/230 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران اعلیٰ تعلیم کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر:</u> جی قلندر خان لودھی صاحب! آپ کچھ کہنا چاہ رہے ہیں؟

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر، آج اسمبلی کا موڈ اور آپ کا موڈ دیکھ کر کچھ دکھ بھی تھا، آپ کی یہ بات ہم نے مان لی لیکن جناب سپیکر، ہم ہر وقت گورنمنٹ پر کچھ باتیں کرتے رہتے ہیں، تنقید بھی کرتے ہیں اور وہ Positive، اس کی تعریف بھی ہوتی ہے تو آج میں جو ہائرایجوکیشن کا ہے، چونکہ میں قاضی اسد صاحب کا اور اس کے پورے ڈیپارٹمنٹ کا، اس کے سیکرٹری صاحبان ہیں یا اس کا سی پی او صاحبہ ہیں، ان کا اگر شکریہ نہ ادا کروں تو یہ بھی ناانصافی ہو گی۔ (تالیاں) جناب سپیکر، انہوں نے مجھے، وزیر اعلیٰ صاحب نے اور منسٹر صاحب نے مجھے ایک ڈگری کالج دیا ہے ایبٹ آباد اور مانسہرہ کے درمیان (تالیاں) اور وہ میرا کالج نہیں ہے، وہ دونوں ڈسٹرکٹس کا کالج ہے، اس کیلئے میں نے 40 کنال زمین دی ہے اور وہ پھر میرا کیس چلا گیا سپریم کورٹ تک تو 12 لاکھ روپے پہ میں نے وکیل کر کے اس کو سپریم کورٹ میں میں نے جیتا کیونکہ کہ میں نے وہ شاملات کی جگہ دی تھی، وہ میں نے ذاتی خرچ اس پر کی ہے

جی۔جناب سپیکر، وہ اتنی پر فضاء جگہ ہے، اگر آپ ان شاء اللہ اس کا وزٹ کریں اور محکمہ نے وزٹ کیا ہے، اس کو بہت Appreciate کیا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ اتنا اچھا کھانا دیتے ہیں، ہم آرہے ہیں۔

حاجی قلندر خان لودھی: جی جی، تو انہوں نے ان کو مطلب ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہم بھولے نہیں ہیں، آپ کا کھانا کھائیں گے جی۔

حاجی قلندر خان لودھی: جی سر، میں جب افتتاح کروں، میں آپ سب کو Invite کرونگا تو آپ ان شاء اللہ جو بھی آسکے، تو اس میں جی انہوں نے مجھے In time اس کی مجھے فنڈنگ کی ہے اور اچھی فرمیں جو ہیں، انہوں نے مجھے دی ہیں۔ سات آٹھ فرموں نے کام کیا ہے تو In time چونکہ اس کو میں روزانہ جب اٹھتا ہوں تو میں پہلے اس کالج پر جاکے اس کی خود مانیٹرنگ کرتا رہتا ہوں لیکن میں ان کے ڈیپارٹمنٹ کا، سب کا جی، منسٹر صاحب سے لیکر، وزیر اعلیٰ سے لیکر منسٹر صاحب اور تمام سیکرٹری اور سی پی اوز کا شکریہ ادا کرتا ہوں جی کہ انہوں نے مجھے، میرے کام میں رکاوٹ نہیں ڈالی جی، میں مشکور ہوں جی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: قاضی صاحب، آپ میرے تو چھوٹے ہیں لیکن اچھی بات سنی تو دل خوش ہوا۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ آپ کی مہربانی ہے جی کہ آپ ہمیشہ سپورٹ کرتے ہیں۔ آپ کے حلقے میں بھی سر جو کالجز ہیں، ان کی سہولیات ہیں اور جو کچھ ہم ان کیلئے کر سکتے ہیں، ہم کر رہے ہیں اور یہ ابھی کوئی ذہن میں نہ لے سر کہ اس سال کالج دے دیا ہے، یہ پہلے سال جب ہم نے 20 کالجز اس صوبے میں دیئے تھے تو ان میں سے 07 ہزارہ کو، 20 ٹوٹل تھے سر اور ان 20 میں سے 07 ہزارہ لیکر گیا تھا، اس میں ایک لودھی صاحب کے حلقے میں بھی دیا تھا۔

جناب سپیکر: میں ضرور Appreciate کرتا ہوں آپ کی ہائر ایجوکیشن کو، کافی بہتر ہے، کچھ کچھ ایک آدھ کالی بھیڑ اب بھی آپ کے اندر موجود ہے، اس کو بھی ذرا ٹھیک کریں۔ ابھی۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اگر آپ اشارہ کر دیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو وہاں سے نکال لیں گے۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، میں اشارہ کر رہا ہوں، میدان میں کر رہا ہوں۔ چھ مہینے سے وزیر اعلیٰ صاحب نے مہربانی کی ہے، ان کیلئے بسیں، ٹرانسپورٹ دی ہے اور کچھ Hanky-panky ادھر سے ادھر، ادھر سے ادھر ابھی ایک کالج کو آپ لوگوں نے چھ مہینے میں بنایا، کتنی اچھی پرفارمنس، اس میں ہزاروں بچیاں چلی

گئیں اور ابھی ان کو ٹرانسپورٹ بھی دے دی لیکن ایک بابو کے ہاتھ میں وہ دے دیا ہے وہ اختیار، وہ بابوٹس سے مس نہیں ہو رہا ہے۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: نہیں سر، میں آپ کو ادھر یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ ان شاء اللہ تعالیٰ۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں مجھے۔۔۔۔۔

<u>وزیر ہائر ایجوکیشن</u>: ابھی میں احکامات جاری کرونگا کہ فوری طور پہ اگر کوئی ایسا، Legal اس میں رکاوٹ نہیں ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: کچھ بھی Legal نہیں ہے۔۔۔۔۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: تو کسی قسم کی Bureaucratic hurdle نہیں ہو گی سر، آپ کی بسیں ہم فوراً آپ کو پہنچائیں گے۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں نہیں، مجھے اس ہفتے میں بسیں چاہئیں کہ اس ہفتے میں وہ بسیں پہنچ جائیں، چھ مہینے میں آخر کیا اس میں Legal complications ہیں؟ میں۔۔۔۔۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: سر، یہ میں ان شاء اللہ تعالیٰ پیر والے دن سے، مجھے ہفتہ دیں جی، آج سے ہفتہ نہ دیں میں کر لونگا سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: ان کو بتادیں کہ ہاں ہم اتنا Appreciate کرتے ہیں کہ آپ ڈیپارٹمنٹ کو اتنا وہ کرتے ہیں تو اس کو اسی طرح آگے بڑھائیں جی۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: ان شاء اللہ ٹھیک ہو گا سر۔

